# 37662 ـ نفاس والی عورت نے چالیس یوم مکمل کرلیے لیکن پاک نہیں ہوئي کیا وہ روزہ رکھے اورنماز ادا کرنی شروع کردے ؟

**سوال**

کیاولادت کے بعد عورت پر رمضان کے روزے رکھنے واجب ہیں ، کیونکہ وہ نفاس کے چالیس یوم تو مکمل کرچکی ہےلیکن ابھی تک خون بند نہیں ہوا اوروہ پاک نہیں ہوئي ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

علماء کرام نے نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت میں اختلاف کیا ہے ، جمہور علماء کرام نے تواس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس یوم قرار دی ہے ، آپ اس کی تفصیل کے لیے سوال نمبر ( 10488 ) کے جواب کا مطالعہ کریں ۔

لھذا اس بنا پر ۔۔ وہ عورت جسے چالیس یوم سے زیادہ نفاس کا خون آئے تواگر یہ خون اس کی ماہواری کے موافق ہوتو یہ حیض ہوگا ، لیکن اگر موافق نہ ہو تو پھر استحاضہ کا خون شمار کیا جائے گا ، اس لیے چالیس یوم کے بعد وہ غسل کرے اورنماز ادا کرے اوراگررمضان میں ہو تو روزے بھی رکھے ، وہ پاک ہوگي اوراس کے احکام بھی پاک عورتوں کے ہی ہونگے ۔

واللہ اعلم .